نمبر ۲۳ جلد ۱۱

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZETT.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ یکم محرم الحرام ۱۳۴۸ھ مطابق ۱۰ جون ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

ٹھیکہ گندم

۱۲ مئی ۱۹۲۹ء

مسودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری ٹھیکہ گندم وغیرہ مندرجہ نقشہ منظوری برائے مصارف کارخانہ جات ذات خاص بابتہ سنہ ۱۹۲۹-۳۰ء

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ غلہ مصارف کارخانہ جات ذات خاص بابتہ سنہ ۱۹۲۹-۳۰ء حسب صراحت مندرجہ منظور کی۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۵ مئی ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نمبر شمار	نام غلہ	مقدار ٹھیکہ معہ تفصیل کارخانہ جات	نرخ ٹھیکہ	نام ٹھیکہ دار
۱	گندم پیداوار [illegible]	مصارف خاصہ [illegible]	۵ [illegible]	پیارے لال ولد سوبھا رام
۲	چنے دیسی	مصارف گاؤ میش خانہ [illegible]	۹ [illegible]	
۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سوہن لال ولد پیارے لال
۴	گودہ	مصارف باربرداری خاص [illegible]	[illegible]	پیارے لال ولد [illegible] داس
۵	بھوسی ارہر	مصارف گاؤ میش خانہ [illegible]	[illegible]	

رخصت

۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مثنۂ عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکرٹیری بہادر دربارہ منظوری رخصت دو ماہ حافظ اسد علیخان افسر فیلخانہ بوجہ علالت بکارگذاری محمد فیاض خان افسر باغات بزمانہ رخصت۔

حکم

بموجب رپورٹ حافظ اسد علیخان افسر فیلخانہ کی رخصت دو ماہ بوجہ علالت منظور ہے۔ ایام رخصت میں محمد فیاض خان افسر باغات فیلخانہ کا کام انجام دینگے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹیری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

خان بہادر سید جمیل احمد صاحب سکرٹیری خیرات کی تنخواہ میں ہر سال تیس روپیہ ماہوار اضافہ یکم مئی سے بموجب نامہ پولیٹکل گورنمنٹ عالیہ سے طے ہوچکا ہے۔ لہذا یکم مئی سنہ ۱۹۲۹ء سے انکی موجودہ تنخواہ تعدادی نوسو اسی روپیہ ماہوار میں تیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ تاریخ مذکور سے انکو یکہزار دس روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔

اسکے علاوہ حق پنشن جو بحساب چہارم تنخواہ خزانہ مرادآباد میں داخل ہوتا ہے اسکی تعداد یکم مئی سنہ ۱۹۲۹ء سے مبلغ دوسو باون روپیہ آٹھ آنہ ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹیری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۳۰ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مثنۂ عرضداشت صاحب فائننشل سکرٹیری بہادر دربارہ منظوری رخصت آٹھ یوم بخشی صاحب فوج سرکار ابتداء ۲ لغایت ۹ جون سنہ ۱۹۲۹ء و عطائے اجازت باہر رہنے کی ۳۰ مئی سنہ ۱۹۲۹ء سے بضرورت روانگی لاہور

حکم

آٹھ یوم کی رخصت منظور ہے۔ کاغذ واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹیری بہادر

حکم اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکرٹیری بہادر واقع ۲۶ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

برپورٹ استصوابی تحصیلدار صاحب حضور تحصیل کہ پیش ہونے پر پتہ چلا کہ دفعہ ۴۴ دستور جاریہ کے حرف الف کو ادر ضمیمہ اول دستور جاریہ کے نمبر شمار (۴۴) کو ملاحظہ کیا فی الحقیقت دفعہ مذکور کے حرف الف کے مطابق نالش بیدخلی کے دائر کرنیکی ہدایت نہیں ہے بلکہ حرف الف کے زیر اثر بحالت غیر مودی رہنے ڈگری بقایا لگان کے درخواست بیدخلی کی پیش کیجاسکتی ہے پس یہ درخواست دراصل درخواست اجرائے ڈگری تہی اسکو نالش بیدخلی خیال کرنا غلط فہمی ہے۔ بسبب ضمیمہ اول کے نمبر شمار (۴۴) پر بجائے عشرہ دفعہ ۴۴ باستثنائے حرف الف تحریر کیا گیا ہے۔ لہذا میعاد دائرہ اس درخواست سے لاحق نہیں ہوسکتا ہے دفعہ ۴۱۔ بحرہ خانہ مذکور سے وہ عبارت لاحق نہیں ہے جو بریکٹ کے اندر اوپر لکہی گئی ہے کیونکہ دفعہ ۴۱ میں حرف الف قائم نہیں ہے۔ غالباً طبع کی غلطی سے حرف دادو رکھا گیا ہے۔ پوری عبارت صحیح یہ ہوسکتی ہے (دفعہ ۴۴ باستثنائے حرف الف و دفعہ ۴۱) یہ ہی جواب رپورٹ استصوابی پر دیا گیا ہے اسی توجیہ سے تعین مالیت کا مسئلہ بھی حل ہوتا ہے کہ بہ قواعد رسوم درخواست ہائے اجرائے ڈگریات رسوم لیا جائیگا بلحاظ مالیت دعوی تعین رسوم کی ضرورت نہیں ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ باندراج گزٹ اسکا اعلان کردیا جائے کہ کسی دوسری تحصیل میں ایسی غلط فہمی نہ ہونے پائے۔ ضمیمۂ اول میں اول نالشات کی کارروائی ظاہر کی گئی ہے اور بعد ازان بسلسلہ درخواست ہائے قانونی عـ۳۰ پر درخواست بیدخلی بعلت ڈگری تحریر کی ہے۔ اور خانہ ۳ حرف الف کا حوالہ بھی دیدیا ہے مگر غلطی سے دفعہ ۴۱ یہاں بھی طبع ہوگیا ہے۔ یہ پہلی دفعہ ۴۴ صحیح ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایک نقل فائل بک اجلاس میں رکہی جائے۔ اور ایک نقل گزٹ میں بہیجدیجائے۔ اور عام احکام بہی صدر سے جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکرٹیری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ اول ماہ جون سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ار ۷ار ۷۰ار ۷ار ۷ار		۷۰ار				دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۶۰ار ۶ار		۶ار				
نخود کتہ آمیز	۶ار ۶۰ار		۶۰ار				
کتہ	۷ار		۷۰ار				
ماش	۵ار ۵۰ار		۵ار				
مونگ	۴ار ۴۰ار		۴ار				
مکا	۷۰ار		۰				
جئی	۱۱ار		۱۰ ۹ار				
گوجئی	۱۰ار ۱۰ار		۹۰ار				
عدس	۶۰ار		۷۰ار				
ارہر	۶۰ار ۷ار		۸۰ار				
برنج	۳ار ۴۰ار		۴ار ۴۰ار				
روغن زرد	۸۰ چھٹانک ۱۰ چھٹانک		۹ چھٹانک				
روغن سیاہ	۱۰ ۹ار		۱۰ار				
روغن کنجد	۱ ۹ار		۱ار				
نمک سانبھر	۱۲ار		۱۲ار				
نمک لاہوری	۶ار		۶ار				
قند سیاہ	۳ار ۵ار		۶۰ار				
باجرہ	۵۰ار		۰				